**14.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم
Music

………………………………

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت، 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ سماجی پروگراموں کے سبب جامع اقتصادی ترقی حاصل ہوئی ہے۔
☆ یومِ آزادی سے قبل آج شام اپنے خطاب میں صدر مرمو نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی۔ انہوں نے آپریشن سندور کے ذریعے موثر جواب دینے کیلئے مسلح افواج کی ستائش کی۔
☆ صدر جمہوریہ نے کہا کہ AI، ٹیکنالوجی کی ترقی کا اگلا مرحلہ ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ AI مشن ملک کو مزید مستحکم بنائے گا۔
☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل 79ویں یومِ آزادی کی تقریبات میں ملک کی قیادت کریں گے۔
☆ مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اہلکاروں کو نمایاں خدمات کے اعتراف میں بہادری کے 127 اعزازات اور امتیازی خدمات کے 40اعزازات سے نوازا جائے گا۔
☆ بھارت نے پاکستان کے غیر ذمہ دارانہ جنگی جنون پر اُس کی سخت تنقید کی ہے اور اِس کے دردناک نتائج کا انتباہ دیا ہے۔
☆ جموں و کشمیر کے کِشتوار ضلع کے ایک دور دراز کے گاؤں میں بادل پھٹنے کا واقعہ پیش آیا ہے، جس میں کئی لوگوں کی ہلاکت کی خبر ہے۔

………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**PREZ-ADDRESS**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج زور دے کر کہا کہ بھارت 2047 تک ایک ترقی یافتہ معیشت بننے کی راہ پر کامیابی کے ساتھ گامزن ہے۔ 79ویں یوم آزادی کے موقع پر قوم سے اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ مرمو نے اِس پیشرفت کو مجموعی اقتصادی شرح ترقی کے ساتھ ساتھ سماجی شعبے کے اقدامات کے ساتھ منسلک کیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک امرت کال کے دوران آگے کی جانب پیشرفت کر رہا ہے۔ اور ہر ایک شہری اپنی اہلیت کے مطابق اُس میں بھرپور تعاون دے رہا ہے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ نوجوان، خواتین اور کمیونٹیز، جو طویل

مدت تک محروم رہے ہیں، اب وکست بھارت کی قیادت کریں گے۔

S/B President

صدر جمہوریہ نے پہلگام دہشت گرد حملے میں بے گناہ شہریوں کی ہلاکت کو ایک بزدلانہ اور انتہائی غیر انسانی فعل قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ بھارت نے آپریشن سندور شروع کرکے، اس کا فیصلہ کن طریقے پر جواب دیا، جس سے اس بات کا اظہار ہوا ہے کہ ملک کی مسلح افواج کسی بھی ایسے واقعے کا منھ توڑ جواب دینے کیلئے پوری طور پر تیار ہیں۔ صدر مرمو نے جامع اور تکنیکی صلاحیت کے ساتھ سرحد پار دہشت گرد ٹھکانوں کو تباہ کرنے کیلئے مسلح افواج کی ستائش کی۔ انھوں نے یہ کہتے ہوئے آپریشن سندور کی ستائش کی کہ اسے دہشت گردی کے خلاف انسانیت کی جنگ میں ایک مثال کے طور پر تاریخ میں رقم کیا جائے گا۔

S/B President

صدر مرمو نے کہا کہ اِس آپریشن کے دوران بھارت کا اتحاد سب سے زیادہ نمایاں رہا اور یہ اُن لوگوں کیلئے ایک منھ توڑ جواب تھا جو ملک کو تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ انھوں نے اس بات کو بھی واضح کیا کہ بھارت کا اتحاد، پارلیمنٹ کے اراکین سے کثیر وفود سے بھی نمایاں ہوا ہے، جنھوں نے بھارت کے موقف کی وضاحت کرنے کیلئے مختلف ملکوں کا دورہ کیا تھا۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ دنیا نے بھارت کے اس موقف کو تسلیم کیا ہے کہ یہ کبھی حملہ کرنے والا نہیں بنے گا لیکن ملک کے دفاع کیلئے بھارت کبھی بھی ہچکچائے گا نہیں۔ صدر جمہوریہ مرمو نے یہ بات کہی کہ آپریشن سندور، دفاعی شعبے میں آتم نربھر بھارت مشن کا ایک آزمائشی معاملہ بھی تھا۔ انھوں نے واضح کیا کہ ملک کی دیسی مینوفیکچرنگ بہت اعلیٰ سطح تک پہنچ گئی ہے، جو اس کی بہت سی سلامتی کی ضروریات کو پورا کرنے میں بھارت کو خود کفیل بناتی ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ یہ آزادی کے بعد سے بھارت کی دفاعی تاریخ میں نمایاں کامیابیاں ہیں۔ صدر جمہوریہ نے واضح کیا کہ بھارت دنیا کی بڑی معیشتوں میں سب سے زیادہ تیزی سے فروغ پاتی ہوئی معیشت ہے جس میں گذشتہ مالی سال میں چھ اعشاریہ پانچ فیصد کی گھریلو مجموعی پیداوار کی شرح نمو رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ عالمی معیشت میں دباؤ کے باوجود، اندرونِ ملک مطالبات میں اضافہ ہو رہا ہے اور افراطِ زر کی شرح کنٹرول میں ہے نیز برآمدات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ اچھی حکمرانی سے بڑی تعداد میں لوگوں کو غربت سے نجات دلائی گئی ہے۔ انھوں نے اِس اطمینان کا اظہار کیا کہ آمدنی میں عدم مساوات میں کمی آرہی ہے اور علاقائی تفریق ختم ہو رہی ہے۔ صدر جمہوریہ نے مزید کہا کہ ریاستیں اور خطے، جو اِس سے قبل کمزور تر اقتصادی کارکردگی کیلئے جانے جاتے تھے، اب اپنی اصل صلاحیتوں کا اظہار کر رہے ہیں اور اصل دھارے میں شامل ہو رہے ہیں۔

S/B President

صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت مالا پری یوجنا کے تحت قومی شاہراہ کے نیٹ ورک میں توسیع ہوئی ہے اور استحکام آیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریلویز کے شعبے میں بھی ترقی ہوئی ہے۔ نئی طرح کی ٹرینیں اور جدید ٹیکنالوجیوں سے لیس ریل کے ڈبے متعارف کرائے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ وادیٔ کشمیر میں ریل لنک کا افتتاح ایک بڑی پیشرفت ہے۔

S/B President

صدر جمہوریہ نے واضح کیا کہ شہروں میں تیزی کے ساتھ توسیع کے مدنظر حکومت شہروں کی صورتحال کو بہتر بنانے پر خصوصی توجہ مرکوز کر رہی ہے، جس میں میٹرو ریل کی سہولیات کو توسیع دینا شامل ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ حکومت زندگی کی بنیادی ضروریات کو شہریوں کا ایک جائز حق سمجھتی ہے اور جل جیون مشن دیہی گھرانوں کو نل کے پانی کی فراہمی کرنے میں پیشرفت کر رہا ہے۔

S/B President

اپنے خطاب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے واضح کیا کہ آیوشمان بھارت کے تحت مختلف اقدامات کے ساتھ، صحت دیکھ بھال کے شعبے میں بہت بڑی تبدیلی ہوئی ہے۔ یہ اسکیم 55 کروڑ سے زیادہ لوگوں کو پہلے ہی صحت دیکھ بھال کی سہولیت فراہم کرچکی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ حکومت نے اس سہولت کو 70 سال یا اُس سے زیادہ عمر کے تمام سینئر شہریوں کیلئے توسیع دے دی ہے، جس میں اُن کی آمدنی کی کوئی تفریق نہیں ہے۔

S/B President

ڈیجیٹل بھارت کے موضوع پر بات کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ تقریباً تمام گاؤوں میں 4جی موبائل کنیکٹی ویٹی فراہم ہے اور باقی ماندہ چند ہزار گاؤوں کا جلد ہی احاطہ کیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس سے بڑے پیمانے پر ڈیجیٹل ادائیگی کی ٹیکنالوجیوں کو اپنانا ممکن ہوا ہے، جس میں بھارت بہت کم مدت میں ایک عالمی لیڈر بن چکا ہے۔

S/B President

صدر جمہوریہ نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، تکنیکی پیشرفت کا اگلا مرحلہ ہے اور یہ پہلے ہی لوگوں کی زندگیوں میں شامل ہوچکا ہے۔ حکومت نے ملک کی مصنوعی ذہانت کی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کیلئے انڈیا–اے آئی مشن کا آغاز کیا ہے۔ یہ ایسے AI ماڈلز تیار کرنے میں بھی مدد کر رہا ہے جو بھارت کی خصوصی ضروریات کو پوری کریں گے۔ صدر جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ 2047 تک ایک عالمی – AI – مرکز بننے کے ضمن میں بھارت کی توجہ عام آدمی کیلئے ٹیکنالوجی میں ہونے والی ترقی کے بہترین استعمال کرنے پر مرکوز ہوگی تا کہ بہتر ہوتی ہوئی حکمرانی کے ذریعے اُن کی زندگی کو بہتر بنایا جاسکے۔

S/B President

صدر جمہوریہ نے کہا کہ 1905میں شروع کردہ سودیشی تحریک کو منانے کیلئے، ملک میں 7اگست کو ہینڈ لوم کا قومی دن منایا گیا۔ صدر جمہوریہ نے زور دے کر کہا کہ سودیشی کا نظریہ، میک اِن انڈیا پہل اور آتم نربھر بھارت ابھیان جیسی قومی تحریکوں کو ترغیب دے رہا ہے۔ انھوں نے ہر ایک پر زور دیا کہ وہ بھارتی مصنوعات خریدیں اور استعمال کریں۔

صدر جمہوریہ نے واضح کیا کہ قومی تعلیمی پالیسی دور رَس تبدیلیاں لائی ہے جو اقدار اور روایت کے ساتھ مہارت سے سیکھنے سے مطابقت رکھتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ روزگار کے مواقع بڑھ رہے ہیں اور حکومت نے اُن لوگوں کیلئے انتہائی موافق ایکو نظام وضع کیا ہے جو صنعتکار بننا چاہتے ہیں۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت کے خلائی

پروگرام میں غیر متوقع توسیع ہوئی ہے، جس کی قیادت نوجوان ذہن کر رہے ہیں۔

انھوں نے اِس اعتماد کا بھی اظہار کیا کہ بین الاقوامی خلائی مرکز تک شبھانشو شُکلا کے خلائی سفر نے پورے ملک کو بڑے خواب دیکھنے کی ترغیب دی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ بھارت کے آئندہ کے انسانی خلائی پرواز کے پروگرام ''گگن یان'' کیلئے انتہائی پُرامید ثابت ہوگا۔

S/B President

کھیل کود اور گیمز میں ملک کی پیشرفت کے بارے میں صدر جمہوریہ مرمو نے اعتماد ظاہر کیا کہ بھارت، قومی اسپورٹس پالیسی 2025میں شامل نظریے کے تحت، اپنے آپ کو کھیل کود کا ایک عالمی پاور ہاؤس بنائے گا۔ انھوں نے کہا کہ کھیل کود، مہارت، تفویض اختیارات اور صلاحیت کے اہم اشاریوں میں شامل ہیں۔

انھوں نے اِس بات پر فخر ظاہر کیا کہ بھارت کی ایک 19سالہ لڑکی اور ایک 38سالہ خاتون، شطرنج کی چمپئن شپ کیلئے FIDE خواتین کے عالمی کپ میں فائنل میں پہنچنے والی کھلاڑیوں میں شامل تھیں۔

صدر جمہوریہ مرمو نے واضح کیا کہ روزگار میں صنعتی تفریق میں بھی کمی ہو رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ناری شکتی وَندن ادھینیم کے ساتھ خواتین کو بااختیار بنانا اب کوئی نعرہ نہیں رہا، بلکہ ایک حقیقت ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ درجِ فہرست ذاتوں، درجِ فہرست قبائل، پسماندہ طبقات اور دیگر برادریوں سے تعلق رکھنے والے لوگ اب محروم نہیں رہے ہیں۔ انھوں نے واضح کیا کہ بھارت اپنی اصلی صلاحیت کو حاصل کرنے کیلئے تیز رفتاری کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

صدر جمہوریہ نے واضح کیا کہ بھارت دنیا کی قدیم ترین جمہوریتوں میں سے ایک ہے اور اِسے جمہوریت کی ماں کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں ایسے جمہوری ادارے قائم کئے ہیں جنھوں نے جمہوریت پر عمل کرنے کے کام کو مستحکم کیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملک اپنے آئین اور جمہوریت کو ہر کسی چیز سے بالاتر سمجھتا ہے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے ہر کسی پر زور دیا کہ وہ ماحول کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے اقدامات کریں۔ انھوں نے کہا کہ لوگوں کو، آب وہوا کی تبدیلی کے چیلنج کا مقابلہ کرنے کیلئے، اپنے آپ کو بھی تبدیل کرنا چاہئے۔X

**with Add PM Independence Day**

ملک کل اپنا 79واں یومِ آزادی منائے گا اور وزیر اعظم نریندر مودی دلّی کے تاریخی لال قلعہ پر تقریبات کی قیادت کریں گے۔ وزیرِ اعظم قومی پرچم پھہرائیں گے اور لال قلعہ کی فصیل سے ملک سے خطاب کریں گے۔ ملک، حکومت کے 2047 تک وِکست بھارت کے نظریے کی جانب تیزی سے گامزن ہے، لہٰذا اِس سال کی تقریبات کا موضوع ''نیا بھارت'' ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Suparna

یہ تقریبات ایک خوشحال، محفوظ اور بیباک ابھرتے ہوئے نئے بھارت کی عکاسی کریں گی اور ترقی کی

راہ پر مزید آگے بڑھنے کیلئے ایک نئی توانائی فراہم کریں گی۔ اِس سال یومِ آزادی کی تقریبات میں آپریشن سندور کی کامیابی کا جشن منایا جائے گا۔ دعوت ناموں پر آپریشن سندور کے Logo کے ساتھ ساتھ چناب پُل کا Water Mark ہے۔

اِس سال لال قلعہ پر تقریبات کیلئے زندگی کے مختلف شعبوں سے وابستہ تقریباً پانچ ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ اِن میں اسپیشل اولمپک 2025 کا بھارتی دستہ، بین الاقوامی کھیل مقابلوں کے فاتحین اور کھیلو انڈیا پیرا گیمس کے گولڈ میڈلسٹ شامل ہیں۔ شہریوں کے درمیان حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینے اور آپریشن سندور کی کامیابی کا جشن منانے کیلئے یومِ آزادی کی تقریبات کی شام میں پہلی مرتبہ ملک بھر میں کئی بینڈ پرفارمنس ہوں گی۔

ملک بھر کے 140 سے زیادہ سرکردہ مقامات پر فوج، بحریہ، فضائیہ، بھارتی ساحلی گارڈ، CRPF،NCC ، ITBP،CISF، SSB، BSF، IDS، RPF اور آسام رائفل کے بینڈ دھنیں پیش کریں گے۔

آکاشوانی نیوز دلّی سے سُپرنا سائیکیہ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

ہمارے نامہ نگار کے مطابق یومِ آزادی کی تقریبات کے تناظر میں قومی راجدھانی میں سیکیورٹی انتظامات سخت کر دیئے گئے ہیں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جوائنٹ CP دلّی پولیس مُدھر ورما نے بتایا کہ قومی راجدھانی میں سیکیورٹی کے مکمل انتظامات کئے گئے ہیں اور 20ہزار سے زیادہ سیکیورٹی عملے کو تعینات کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ لال قلعہ اور لال قلعہ جانے والے سبھی VVIP راستوں پر CCTV کیمرے نصب کئے گئے ہیں۔

S/B: Madhur Verma

## Special Guest Independence Day

اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو نے آج کہا کہ وہ سِکھ نوجوان کَل لال قلعے پر یومِ آزادی کی تقریبات میں خصوصی مہمانوں میں شامل ہوں گے، جو PM وِکاس اسکیم کے تحت تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے یہ بات نئی دلّی میں اِن خصوصی مہمانوں کے ساتھ ایک تقریب کے دوران، بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ یہ نوجوان صنعت سے مطابقت رکھنے والے کام کرنے کیلئے تربیت حاصل کر رہے ہیں جو ابھرتی ہوئی افرادی قوت کے مطالبات کو پورا کرسکتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وزارت پہلی مرتبہ اِن نوجوانوں کو یومِ آزادی تقریبات میں خصوصی مہمان کے طور پر بھیج رہی ہے۔ جناب رجیجو نے 31ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تربیت دینے کے قابل ستائش کام کیلئے دلّی سِکھ گرودوار مینجمنٹ کمیٹی کو مبارکباد بھیجی۔

S/B Kiren Rijiju

## Rajnath Sandesh

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں غیر متناسب جنگ کے درمیان مسلح افواج کی جانب سے انجام دیئے گئے آپریشن سندور سے بھارت کے متوازن فوجی ردّ عمل کا اظہار ہوتا ہے۔ 79ویں یومِ آزادی کے موقع پر آکاشوانی سے نشر ہونے والے اپنے 'Sandesh to Soldiers' میں جناب سنگھ نے آپریشن سندور کے

دوران بھارت کی کارروائیوں کو درست اور کامیاب فوجی حکمت کی روشن مثال اور ایک نئے وژن، تکنیکی ترقی اور خود انحصاری کی جھلک قرار دیا۔ وزیر دفاع نے زور دے کر کہا کہ بھارت نے ڈرون جنگ، مرحلے وار فضائی دفاع، الیکٹرانک وار فیئر، نیٹ ورک پر مرکوز کارروائی جیسے جدید آلات کا کامیابی سے استعمال کیا اور ثابت کیا کہ بھارت، اب غیر ملکی ٹیکنالوجی پر منحصر نہیں ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کا حوالہ دیتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ آپریشن سندور نہ صرف بھارت کی فوجی صلاحیت کا ثبوت ہے بلکہ دفاعی شعبے میں ملک کی تیزی سے بڑھتی ہوئی خود انحصاری اور ملک گیر سطح پر تیار کردہ ٹیکنالوجی کے تئیں حکومت کی عزم کی علامت ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ آپریشن سندور نے بھارت کی فوجی خود انحصاری کو مزید بلندیوں پر پہنچا دیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشن جاری رہے گا۔ x

## Gallantry Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یومِ آزادی کے موقع پر مسلح افواج اور مرکزی مسلح پولیس فورسز کے اہلکاروں کو نمایاں خدمات کے اعتراف میں بہادری کے 127اعزازات اور امتیازی خدمات کے 40اعزازات کی منظوری دی ہے۔ اِن اعزازات میں :دو کیرتی چکر، 15ویر چکر، 16شوریہ چکر، دو Bar to Sena میڈلس، 58سینا میڈلس، چھ Nao Sena میڈلس، 26وائیو سینا میڈلس، 7سرووتم یودھ سیوا میڈلس، 9اُتّم یودھ سیوا میڈلس اور 24یودھ سیوا میڈلس شامل ہیں۔صدر جمہوریہ نے 290، Mention-in-Despatches اور Tatrakshak میڈلس کی بھی منظوری دی ہے جو بھارتی کوسٹ گارڈ کے پانچ اہلکاروں کو دیئے جائیں گے۔x

## MEA Pakistan

بھارت نے آج پاکستان کی قیادت کے غیر ذمہ دارانہ، جنگی جنون پر مبنی اور نفرت انگیز بیانات پر یہ کہتے ہوئے شدید تنقید کی ہے کہ کسی بھی قسم کی مہم جوئی کے سنگین نتائج ہوں گے، جیسا کہ پہلے اس کا مظاہرہ کیا جاچکا ہے۔ نئی دلّی میں آج دوپہر کو میڈیا سے بات کرتے ہوئے امور خارجہ کی وزارت کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ پاکستان کو اپنے بیانات میں نرمی لانی چاہیے۔

انہوں نے کہا کہ یہ سب جانتے ہیں کہ پاکستانی قیادت کا طریقۂ کار رہا ہے کہ وہ بار بار بھارت مخالف بیان بازی کرکے اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالتی آئی ہے۔ دریائے سندھ آبی معاہدے سے متعلق ثالثی کی عدالت کے فیصلے پر جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت نے کبھی بھی نام نہاد ثالثی کی عدالت کی قانونی حیثیت، جواز یا اہلیت کو تسلیم نہیں کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عدالت کے یہ فیصلے اس کے دائرۂ اختیار سے باہر ہیں، قانونی حیثیت سے خالی ہیں اور بھارت کے پانی کا استعمال کرنے کے حق پر کسی بھی طرح اثر انداز نہیں ہوتے۔ ترجمان نے کہا کہ دریائے سندھ آبی معاہدے پر عمل در آمد کو بھارت کے خود مختارانہ فیصلے کے تحت معطل کیا گیا ہے، جو پہلگام حملے سمیت پاکستان کی جانب سے سرحد پار کی دہشت گردی کو مسلسل حمایت کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ بھارت–

امریکی تعلقات کے مستقبل پر ترجمان نے کہا کہ بھارت اور امریکہ ایک جامع اسٹریٹجک شراکت سے جڑے ہوئے ہیں جو کہ مشترکہ مفادات، جمہوری اقدار اور عوام سے عوام کے درمیان مضبوط روابط پر مبنی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ شراکت داری بہت سے مرحلوں اور چیلنجز سے ہوکر گزر رہی ہے۔

جناب جیسوال نے کہا کہ نئی دلّی دونوں ملکوں کے طے شدہ اہم ایجنڈے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے اور امید کرتا ہے کہ یہ تعلقات باہمی احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر مزید آگے بڑھیں گے۔ x

## KISHTWAR CLOUDBURST

جموں و کشمیر میں کشتواڑ ضلع ایک دوردراز گاؤں میں آج سہ پہر بادل پھٹنے کے ایک واقعہ میں متعدد ہلاکتوں کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ 75سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں اور کئی اب تک لاپتہ ہیں۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار سے خبر دی ہے کہ اس قدرتی آفت سے بڑے پیمانے پر املاک کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ اس قدرتی آفت سے کشتواڑ سے تقریباً 90 کیلو میٹر دور گاؤں چسوتی کو نقصان پہنچا ہے۔ پہاڑی علاقے کے کئی گھر بھی اچانک سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں، اس واقعہ کی اطلاع ملتے ہی کشتواڑ انتظامیہ فوراً حرکت میں آگئی۔ بچاؤ ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور راحت اور بچاؤ کی ایک بڑی کارروائی شروع کی گئی۔ قدرتی آفات سے نمٹنے والی قومی فورس NDRF کی دو ٹیم اُودھم پور سے کشتواڑ پہنچ گئی ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے جموں و کشمیر میں بادل پھٹنے کے حادثے میں جانی اتلاف پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ جموں و کشمیر کے کشتواڑ ضلع میں بادل پھٹنے کے واقعہ میں ہونے والی کئی اموات کی خبر کافی افسوسناک ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ان کی دعائیں کشتواڑ ضلع میں سیلاب اور بادل پھٹنے کے واقعہ کے متاثرین کے ساتھ ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انھوں نے کہا کہ صورتحال کی قریب سے نگرانی کی جاری ہے، اور راحت اور بچاؤ کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ضرورتمندوں کو تمام ممکنہ امداد فراہم کی جائے گی۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے بادل پھٹنے کے واقعہ کے بارے میں جموں و کشمیر کے لفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداﷲ سے بات کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر داخلہ نے کہا کہ مقامی انتظامیہ راحت اور بچاؤ کاری میں مصروف ہے۔ انھوں نے کہا کہ NDRF کی ٹیمیں فوراً ہی موقع پر پہنچ گئی ہیں اور حکومت قریب سے صورتحال کی نگرانی کر رہی ہے اور ہر طرح کی صورتحال میں جموں کشمیر کے عوام کے ساتھ مضبوطی کے ساتھ کھڑی ہے۔ انھوں نے ضرورتمندوں کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

☆☆☆☆☆☆